www.PapaCambridge.com

CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education
Advanced Subsidiary Level and Advanced Level

**URDU** **8686/02**
**9686/02**

Paper 2 Reading and Writing

May/June 2003

**1 hour 45 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write in dark blue or black pen on both sides of the paper.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.
Dictionaries are not permitted.

Answer **all** questions.
Write your answers in **Urdu**.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.
You should keep to any word limit given in the questions.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.

مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیئے۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی ملی تو اس پر دیئے گئے ہدایات پر عمل کریں۔

تمام پرچوں پر اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر لکھیں۔

صرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کریں۔

سٹیپل، گوند، ٹپ ایکس وغیرہ کا استعمال منع ہے۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ہر سوال کا جواب دیں۔

اپنے جوابات اردو ہی میں لکھیں۔

جواب لکھنے کے لئے مہیا کی گئی علیحدہ کاپی پر اپنا جواب اردو میں تحریر کریں۔

اس پرچے میں ہر سوال کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں: [ ]

آپ کا ہر جواب دی گئی حدود کے اندر ہونا چاہیئے۔

اگر آپ ایک سے زیادہ جوابی کاپیوں کا استعمال کریں، تو انہیں مضبوطی سے ایک دوسرے سے منسلک کریں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

University of Cambridge

www.PapaCambridge.com

## Section 1

مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے پھر دیئے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

ہر ملک کی اپنی کچھ مخصوص رسومات اور روایات ہوتی ہیں جن کے اصل معنی وقت کے ساتھ بھلا دیئے جاتے ہیں۔ انگلستان ایسی ہی ایک رسم بڑے پیمانے پر منائی جاتی ہے، جو 'بون فائر نایٹ' یا 'گائے فوکس نائٹ' کے نام سے مشہور ہے۔ یہ رسم ۵ نومبر کو ہوتی ہے۔ لوگ بڑے بڑے الاؤ جلا کر اس پر ایک مرد کا پتلا بٹھا دیتے ہیں جو مردانہ لباس میں ہوتا ہے۔ کئی شہروں میں باغات میں آتش بازی کا مظاہرہ ہوتا ہے جس میں لاکھوں کی تعداد میں مختلف طرح کی آتش بازی کی چیزیں چھوڑی جاتی ہیں۔ بہت سے لوگ یہ نہیں جانتے کہ گائے فوکس کون تھا اور اس کا پتلا کیوں جلایا جاتا ہے۔ لوگوں کو یہ بھی یقین نہیں ہے کہ وہ کوئی حقیقی کردار تھا یا فرضی۔

دراصل گائے فوکس واقعی ایک شخص تھا۔ اس کی کہانی کچھ اس طرح کہ سولھویں صدی کے دوران انگلستان میں ملکہ میری اور پھر ملکہ الذبیتھ حکومت کرتی تھیں۔ اس زمانے میں عیسایت کے دو بڑے بڑے فرقوں کے درمیان شدید مخالفت جاری تھی۔ یہ فرقے پروٹیسٹنٹ اور کیتھولک کہلاتے تھے۔ ۱۶۰۳ء میں جیمز اول تخت نشین ہوا۔ اس نے کیتھولک لوگوں کو عبادت کرنے پر پابندی لگائی۔ اس پر کچھ کیتھولک نوجوانوں نے بادشاہ اور اس کی پارلیمنٹ کو تباہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے تہ خانے میں ایک بڑا بم خُفیہ طور پر رکھ دیا جس کے اطراف بہت سی لکڑیاں جمع کر دیں اور اسے اُڑانے کے لیے موقع کا انتظار کرنے لگے۔ انہیں تقریباً ایک سال تک انتظار کرنا پڑا۔ انہیں علم ہوا کہ بادشاہ جیمز دوسرے دن پارلیمنٹ میں آجائے گا۔ دوسرے دن نومبر کی پانچ تاریخ تھی اور سال ۱۶۰۴ء تھا۔ ان باغی نوجوانوں میں گائے فوکس واحد شخص تھا جسے کچھ فوجی تجربہ تھا۔ اور اس نے بم جلانے کی ذمہ داری قبول کی۔ بدقسمتی سے جیمز کے وزیرِ اعظم کو اس سازش کا علم ہوگیا۔ اس نے فوراً گائے فوکس کو حراست میں لینے کا حکم دیا۔ فوکس کو گرفتار کر لیا گیا اور شدید اذیت دی گئی۔ اس نے اپنے سب ساتھیوں کے نام بتا دیئے جنہیں پکڑ کر قتل کر دیا گیا۔ گائے فوکس کو پھانسی دے دی گئی۔ اس طرح یہ سازش ناکام ہوگئی۔ آج کل برطانیہ میں ایسے بہت سے لوگ ہیں جو گائے فوکس کو ایک سازشی کے بجائے ہیرو سمجھتے ہیں!

۱۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کے معنی واضح ہوں۔

مخصوص ۔ فرضی ۔ فرقہ ۔ مخالفت ۔ ذمہ داری

[Total : 5 marks]

www.PapaCambridge.com

مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔

مردانہ ۔ خُفیہ ۔ جمع کرنا ۔ باغی ۔ اذیت

[Total : 5 marks]

۳۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ہر سوال کے بعد دیئے گئے مارکس لکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ زبان کے معیار کے لیے اور ۵ مارکس دیئے

کُل ۱۵ + ۵ = ۲۰ مارکس)

۱: رسوم و روایات پر وقت کا کیا اثر ہے؟ [3]

۲: لوگ ۵ نومبر کو کس طرح مناتے ہیں؟ [3]

۳: مصنف کے مطابق لوگ کن باتوں سے ناواقف ہیں؟ [3]

۴: گائے فوکس کے تمام ساتھیوں کو کس لیے قتل کر دیا گیا تھا؟ [4]

۵: آجکل گائے فوکس کے بارے میں عام لوگوں کا کیا خیال ہے؟ [2]

[Total : 15 + 5 for language = 20 marks]

## Section 2

ذیل عبارت پڑھیے پھر دیئے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

جب میں پاکستان میں کام کر رہا تھا تو اس وقت مجھے کئی نجی، مقامی اور قومی تقریبات میں شرکت کرنے کا موقع ملتا تھا۔ مثال کے طور پر شادی، افطار، عیدیں، یومِ آزادی، وغیرہ وغیرہ۔ غیر ملکی ہونے کے ناطے میں ان رسوم و رواج سے خوب واقف نہیں تھا۔ جب میں نے اپنے پاکستانی ساتھیوں سے پوچھا کہ فلاں رسم کا مقصد کیا ہے یا یہ کیوں منائی جاتی ہے، عموماً مجھے معقول جواب ملتا تھا لیکن کبھی کبھی انہیں بھی اس رسم کے معنی کا پتہ نہیں ہوتا تھا۔ دراصل بہت سی مختلف اقسام کی تقریبات ہوتی ہیں: مذہبی، ثقافتی، سیاسی، ذاتی وغیرہ وغیرہ۔ لیکن نفسیات کے مطابق انہیں دو بنیادی حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، تقریبات خوشی منانے یا غمی کا اظہار کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ ان تقریبات سے ایک بسنت ہے جو عام طور پر فروری کے دوسرے ہفتے میں منائی جاتی ہے۔ مگر جس سال میں لاہور میں رہتا تھا اُسی سال رمضان کی وجہ سے بسنت کی تقریبات کا وقت دو ہفتے آگے بڑھا دیا گیا۔

بسنت کے وقت میں لاہور میں تھا کہ ایک دوست نے مجھے اپنے ساتھ خوشی منانے کی دعوت دی۔ اس کا گھر پرانے شہر میں ہے جہاں یہ تقریب بڑے دھوم دھام سے منائی جاتی ہے۔ راستے میں میں نے کئی ضروری چیزیں خریدیں، مثلاً پتنگ، ڈور اور آتش بازی کا سامان۔ عام طور پر برطانیہ میں پتنگ بازی ننھے بچوں کا کھیل سمجھا جاتا ہے مگر برصغیر میں ہر کوئی بڑے شوق سے پتنگ اُڑاتا ہے۔ دوست کے گھر پہنچتے ہی ہم چھت پر چڑھ گئے اور آس پاس نظر دوڑانے لگے۔ تقریباً ہر چھت پر لوگ جمع ہو کر پتنگ بازی میں مصروف تھے اور آسمان پتنگوں سے بھرا ہوا لگتا تھا۔ اور وہ ایک دوسرے کے پتنگ کے ڈور کو کاٹنے کی کوشش کر رہے تھے۔ حیرانی کی بات یہ کہ شام کے وقت لوگ ہر طرف نہ صرف آتش بازی چھوڑ رہے تھے بلکہ ہوائی فائرنگ بھی کر رہے تھے! مجھے ایسا لگا جیسے میں کسی جنگ میں پھنس گیا ہوں۔ اگلے دن میں نے اخبار میں پڑھا کہ تقریباً ایک سو لوگ آتش بازیوں یا گولیوں یا چھتوں پر سے گر جانے سے زخمی ہو گئے۔ لوگ خوشی منانے کے بڑے عجیب و غریب طریقے اپناتے ہیں!

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

(ہر سوال کے بعد دیئے گئے مارکس لکھے گئے ہیں ۔اس کے علاوہ زبان کے معیار کے لیے اور ۵ مارکس دیئے جا سکتے ہیں۔

کُل ۱۵ + ۵ = ۲۰ مارکس)

۱: لوگ اپنے رسوم و رواج کے بارے میں کیا نہیں جانتے؟ [3]

۲: جس سال کا ذکر کیا گیا ہے اُس سال بسنت کے حوالے سے کیا بات تھی؟ [3]

۳: تقریبات کی اقسام کے متعلق مصنف کا کیا خیال ہے؟ [2]

۴: مصنف کی حیرانی کی کیا وجہ تھی؟ [3]

۵: مصنف نے کس لیے لکھا کہ ''لوگ خوشی منانے کے عجیب و غریب طریقے اپناتے ہیں ۔''؟ [4]

[Total : 15 + 5 for language = 20 marks]

۵۔ (الف) مندرجہ بالا دونوں اقتباسات کے حوالے سے لکھیے کہ انسان کی زندگی اور تاریخ کے اہم واقعات کو کن طریقوں سے منایا جانا چاہیئے؟ [10]

۵۔ (ب) کیا آتش بازی پر پابندی لگانی چاہیئے؟ اس بارے میں اپنی رائے دیجئے ۔ [5]

سوال کا جواب ۱۴۰ الفاظ پر مشتمل اردو میں لکھیے ۔

زبان کے معیار کے لیے ۵ مارکس دیئے گئے ہیں: [5]

[Total : 20 marks]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com